| 1۔اپریل | سال دوئم روزوں کے ایام | پاک بدھ |
|---|---|---|

اشعیاء 5:4۔9

زبور 68

رنگ جامنی

متی 14:26۔25

## مرکزی آیت: ''خداوند میرا مددگار ہے۔'' اشعیاء 9:50

پرانے عہد میں اشعیاء یہ الفاظ پیشن گوئی کی صورت میں یسوع کے لئے کہتے ہیں۔ کیونکہ اس نے باپ پر پورا بھروسہ رکھا۔ حتیٰ کہ اس لمحے میں بھی جب اسے دھوکا دیا گیا۔ اس لئے وہ اپنے غدار سے محبت کر سکتا ہے، اور آخر تک محبت کرتا ہے۔ میں بھی یسوع سے سیکھتا ہوں کہ خود کو پورے بھروسے کے ساتھ اپنے آسمانی باپ کے ہاتھوں میں سونپ دوں۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................



**یسوع مسیح کے آخری کھانے کی پاک عبادت اَور پاؤں دھونے کی رسم** | **رنگ سفید**

خروج 12:1-8، 11-14 | زبور 115

1-قرنتیوں 11:23-26 | یوحنا 13:1-15

**مرکزی آیت: ''تمہیں بھی ایک دوسرے کے پاؤں دھونے چاہئیں۔'' یوحنا 13:14**

یہ وہ نیا حکم ہے جو یسوع ہمیں دیتا ہے۔ وہ خود پہلے اسے عملی طور پر کرتا ہے تا کہ ہمیں یقین ہو کہ یہ ممکن ہے۔ دوسروں کے پاؤں دھونا وہی کام ہے جو ایک ماں کرتی ہے۔ خوشی سے وہ اپنے بچوں کے پاؤں دھوتی ہے۔ ماں جیسی محبت ہی یسوع کے شاگردوں کی پہچان ہوگی۔ ہر ایک عاجزی کے ساتھ دوسرے کے سامنے جھکے گا، اور ہر ایک یہ قبول کرے گا کہ دوسرا بھی اس کے سامنے جھک سکتا ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

اشعیا 12:53،13:52
زبور 30
رنگ سرخ
عبرانیوں 14:4۔16؛5:7۔9
یوحنا 1:18۔42،19

**مرکزی آیت: ”تو خود کہتا ہے کہ میں بادشاہ ہوں۔“ یوحنا 37:18**

اے یسوع، آپ پیلاطوس کو وہ جواب دے رہے ہیں، جو اسے سمجھ نہیں آ رہا۔ اس کے لئے بادشاہ ہونے کا مطلب حکم دینا ہے۔ مگر آپ کے لئے اس کا مطلب خدمت کرنا اور جان دینا ہے، حتیٰ کہ مصلوب ہونے تک۔ آپ کی بادشاہت بھائیوں اور دوستوں کی بادشاہت ہے نہ کہ رعایا اور افسروں کی۔ آپ ہی میرے بادشاہ ہیں، اے یسوع مجھے اپنی بادشاہت میں قبول کر، تاکہ میں آپ کے بھائیوں کی خدمت کرسکوں۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

| رنگ سفید | تلاوتوں کا چناؤ | شب بیداری کی عبادت |
|---|---|---|

**مرکزی آیت: ”اسی نے مارا ہے اور وہی ہماری مرہم پٹی کرے گا۔“ ہوشیع 1:6**

آج صبح کی دعا میں، ہم امید بھری صدا سنتے ہیں کہ یسوع نے اپنی جان قربان کر دی۔ لیکن وہ ان ہاتھوں پر یقین رکھتا ہے جنہوں نے اسے قبول کیا۔ اسے سو گنا زیادہ ملے گا۔ آسمانی باپ کے ہاتھ اسے بے شمار بھائیوں کے ہجوم کے ساتھ اسی کی مانند زندگی کے لئے اٹھائیں گے۔

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................



## عیدِ قیامت المسیح

رنگ سفید

اعمال 10:34، 37-43 زبور 117

کلسیوں 3:1-4 یا 1-قرنتیوں 5:6-8 یوحنا 20:1-9 یا متی 28:1-10

**مرکزی آیت: ''اس نے دیکھا اور ایمان لایا۔'' یوحنا 20:8**

آج ہم ان رسولوں کے ایمان کی خوشی میں شریک ہوتے ہیں جو قبر تک گئے اور اسے خالی پایا۔ یا یوں کہیں کہ قبر میں صرف وہ کفن پایا جس میں یسوع کا جسم رکھا گیا تھا۔ وہ جسم اب وہاں نہیں ہے، کیوں؟ وہ ابھی نہیں جانتے تھے۔ میں جانتا ہوں، مگر کہہ نہیں سکتا۔ میں بھی خوشی مناتا ہوں اور گاتا ہوں: ہیلیلویا! ''یسوع جی اُٹھا''

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

اعمال 14:2، 22۔33     زبور 15

رنگ سفید

متی 8:28۔15

**مرکزی آیت: ''اسی یسوع کو خدا نے زندہ کیا۔'' اعمال 32:2**

یہ وہ الفاظ ہیں جن کے ذریعے پطرس نے یروشلم کے باشندوں کو اس بھید کی خوشخبری دی، جسے ہم منا رہے ہیں۔ خدا باپ نے یسوع کو موت میں نہیں چھوڑا۔ بلکہ وہ چاہتا ہے کہ وہ اپنی محبت اور فروتنی کے ذریعے دنیا کو امید اور نئی زندگی سے معمور کرتا رہے۔ وہ ہمیں بھی موقع دیتا ہے، جو اس کے جی اٹھنے پر ایمان رکھتے ہیں۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

اعمال 2:36۔41 زبور 32

رنگ سفید

یوحنا 20:11۔18

**مرکزی آیت: ''یسوع نے اس سے کہا: '' مریم۔'' یوحنا 20:16**

مریم رو رہی تھی۔ وہ سمجھتی تھی کہ رونے کے ذریعے وہ اپنی عظیم محبت کا اظہار کر رہی ہے۔ لیکن یہ آنسو موت کی گواہی دے رہے تھے۔ جب کہ یسوع زندہ تھا، بلکہ ہے۔ اسکی زندگی اس زندگی سے کہیں زیادہ خوبصورت ہے جس کے خاتمے پر وہ ماتم کر رہی تھی۔ یسوع خود کو اس پر ظاہر کرتا ہے اور اس کا نام لے کر پکارتا ہے۔ موجودہ دور میں وہ مجھے بھی میرے نام سے پکارتا ہے، تاکہ مجھے میری موت کی نیند سے جگا سکے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

اعمال 3:1-10 زبور 104

رنگ سفید

لوقا 24:13-35

**مرکزی آیت: ''یسوع مسیح کے نام سے اٹھ اور چل۔'' اعمال 3:6**

آپ کسی ایسے شخص سے یہ حکم برداری کیسے مانگ سکتے ہو جس نے کبھی چلنا ہی نہ ہو؟ پطرس، دن کے وقت یسوع کے کلام پر بھروسہ کر کے پکڑی ہوئی مچھلیوں کو یاد کرتے ہوئے، اس آدمی کو بھی اسی اطاعت شعاری کا حکم دیتا ہے، جو اس نے کی تھی۔ اور وہ آدمی کیا کرتا ہے؟ وہ تعمیلِ حکم کرتا ہے۔ یسوع خود اپنی محبت کی قدرت کے ساتھ یہاں موجود ہے۔ وہ اس اطاعت کو ممکن بناتا ہے۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

اعمال 3:11-26 زبور 8

رنگ سفید

لوقا 24:35-48

**مرکزی آیت: ''میرے ہاتھوں کو دیکھو: یہ واقعی میں ہی ہوں۔'' لوقا 24:39**

شاگرد صرف شک کرنے کے قابل تھے۔ انہیں اپنی آنکھوں پر بھروسا نہ تھا۔ یہ یسوع ہی تھا، لیکن اس نے انہیں کہا کہ میرے چہرے کو دیکھو، کیونکہ وہ سوچ سکتے تھے کہ یہ کوئی وہم ہے۔ مگر ہاتھ، جو کیلوں سے چھیدے گئے تھے، دھوکہ نہیں دے سکتے تھے۔ جب میں حقیقی تکلیف کا سامنا کرتا ہوں۔ تب تم میرے جی اٹھے یسوع پر ایمان کو سچا مان سکتے ہو۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

اعمال 4:1-12 | زبور 117

رنگ سفید

یوحنا 21:1-14

**مرکزی آیت: ''یہ خداوند ہے۔'' یوحنا 21:7**

شاگرد کو اتنا یقین کیسے ہوا؟ کیا اس نے کچھ ایسا دیکھا جو دوسروں نے نہ دیکھا؟ نہیں، انہیں صرف جال میں مچھلیاں دیکھنا کافی تھا، جو اس اجنبی کے حکم پر عمل کرنے کا پھل تھیں۔ یہ صرف خداوند ہی ہوسکتا ہے۔ وہی ہے جو ''حکم دیتا ہے اور سب کچھ ہو جاتا ہے۔''

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

اعمال 4:13-21 زبور 117

رنگ سفید

مرقس 16:9-15

**مرکزی آیت: ''ہم اس بارے میں خاموش نہیں رہ سکتے جو ہم نے دیکھا ہے۔'' اعمال 4:20**

شاگردوں نے ایک لنگڑے کو صرف یسوع کا نام سن کر خوشی سے اچھلتے دیکھا۔ میں نے بھی بہت کچھ دیکھا ہے! میں نے دشمنوں کو یسوع کے نام پر صلح کرتے دیکھا ہے۔ میں نے مردوں اور عورتوں کو یسوع کی محبت میں ناشکرے بیماروں کی خدمت کرتے دیکھا ہے۔ میں نے تمہیں دیکھا جب تم نے یسوع کی محبت میں ذلت کو قبول کیا، جب تم اس کی معافی کے ساتھ اٹھ کھڑے ہوئے، میں نے بہت کچھ دیکھا ہے! میں تمہیں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ یسوع واقعی جی اٹھا ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................


..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



## الٰہیٰ رحمت کا اتوار

رنگ سفید

اعمال 2:42-47 زبور 117

1-پطرس 1:3-9 یوحنا 20:19-31

**مرکزی آیت: "جیسے باپ نے مجھے بھیجا، میں بھی تمہیں بھیجتا ہوں۔" یوحنا 20:21**

یسوع آٹھ دن بعد دوبارہ رسولوں پر ظاہر ہوتا ہے۔ اس بار وہ صبر کے ساتھ توما کا استقبال کرتا ہے، کیونکہ وہ بھی دنیا میں بھیجا گیا ہے تاکہ باپ کی محبت کو جیتے، یسوع کے نام کو ہر جگہ لے جائے، جس میں نجات اور سلامتی ہے۔ اس طرح باپ کی رحمت ظاہر ہوتی ہے، جو انسانوں کے دلوں کو بدل دیتی ہے، حتیٰ کہ ان کو بھی جو توما کی طرح سخت دل رکھتے ہیں۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



## مقدس مارٹن اول، پوپ اور شہید

رنگ سفید

اعمال 4:23-31

زبور 2

یوحنا 3:1-8

**مرکزی آیت: ''سب روح القدس سے بھر گئے۔'' اعمال 4:31**

یہ کون لوگ تھے؟ وہی جنہوں نے دعا کی تھی جب پطرس اور یوحنا کو رہا کیا گیا تھا۔ دعا میں وہ اس بات کی شکایت نہیں کرتے کہ رسولوں کو قید میں ڈالا گیا، بلکہ وہ اس معاملے میں بھی خدا کے منصوبوں کو پہچانتے ہیں اور اس سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ خود کو دوبارہ ظاہر کرے، تاکہ دوسرے بھی اسے جان سکیں اور ایمان لے آئیں۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

اعمال 4:32-37 زبور 92

رنگ سفید

یوحنا 3:7-15

**مرکزی آیت: ''ابنِ انسان کو بلند کیا جانا ضروری ہے۔'' یوحنا 3:14**

یسوع جانتا ہے کہ خدا کی مرضی اس کے لئے کیا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ اس کا صلیب پر بلند کیا جانا ضروری ہے، تا کہ انسان سانپ کے ڈسنے، یعنی گناہ اور اس کے نتائج سے شفا پائیں۔ موسیٰ کی پیشنگوئی پوری ہوگئی۔ اس وقت جو بھی کاٹھ پر لٹکے ہوئے سانپ کو دیکھتا تھا، وہ شفا پاتا تھا۔ اب جو کوئی مصلوب یسوع پر بھروسا کرتا ہے، وہ زندگی پاتا ہے، بلکہ ابدی زندگی!

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

**اعمال 17:5۔26** **زبور 33**

**رنگ سفید**

**یوحنا 16:3۔21**

## مرکزی آیت: "روشنی دنیا میں آ چکی ہے۔" یوحنا 19:3

آج تک دنیا تاریکی میں ہے، کیونکہ لوگ باپ کی محبت کو نہیں دیکھتے۔ ایک نئی روشنی کی ضرورت تھی۔ یہ روشنی آ چکی ہے اور پہلے ہی ہماری آنکھوں کو روشن کر رہی ہے۔ یہ یسوع ہے، جواب بھی نیکودیمسؔ سے بات کر رہا ہے۔ لیکن سب لوگ روشنی کو پسند نہیں کرتے۔ جو بدی سے محبت کرتے ہیں، وہ اندھیرے میں رہنا چاہتے ہیں تاکہ ان کی ملامت نہ ہو۔ میں روشنی چاہتا ہوں، تاکہ اندھا نہ رہوں۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

اعمال5:27-33 زبور33

رنگ سفید

یوحنا3:31-36

**مرکزی آیت:" ہمارے باپ دادا کے خدا نے یسوع کو زندہ کیا۔" اعمال5:30**

پطرس ہیکل کے سردار کاہن کو جواب دے رہا ہے۔ وہ اسے کیا کہہ سکتا ہے؟ بالکل سادہ بات: تم نے مجھے خاموش رہنے اور یسوع کے بارے میں نہ بولنے کا حکم دیا، لیکن ہم جھوٹ نہیں بول سکتے۔ ہم نے یسوع کو جی اٹھے دیکھا ہے، اور یہ خدا کا کام ہے، جو سب کے لئے بھلا ہے، حتیٰ کہ تمہارے لئے بھی!

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

اعمال 5:34-42 | زبور 26 | رنگ سفید

یوحنا 6:1-15

## مرکزی آیت: ''انہیں بیٹھنے دو۔'' یوحنا 6:10

یسوع شاگردوں کو یہ حکم دیتا ہے۔لوگ بھوکے ہیں اور ان کے پاس کھانے کو کچھ نہیں۔اب کیا کیا جائے؟ سب سے پہلے، ایک عاجزانہ اور پُر اعتماد اطاعت کا عمل: گھاس پر بیٹھ جانا اور انتظار کرنا۔ پھر وہ باپ کا شکر ادا کرتا ہے۔ وہ تسلیم کرتا ہے کہ سب کچھ اسی سے آتا ہے، ہماری زندگی اور ہمارا رزق بھی۔اس کی محبت کے بغیر ہم مردہ ہوتے۔ بیٹا جب باپ کا شکر ادا کرتا ہے،تو باپ جواب دیتا ہے،اور سب پیٹ بھر کر کھاتے ہیں۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

اعمال 6:1-7 زبور 32

رنگ سفید

یوحنا 6:16-21

**مرکزی آیت: ''یہ میں ہوں، خوف نہ کرو!'' یوحنا 6:20**

یہ یسوع ہے جو رات کے اندھیرے میں خوفزدہ شاگردوں پر ظاہر ہوتا ہے۔ وہ کشتی میں ہیں کیونکہ انہوں نے اس کی فرمانبرداری کی تھی۔ وہ طوفانی جھیل کے اس پار جا رہے ہیں۔ اور یسوع؟ وہ پانی پر چل رہا ہے۔ کیا یہ ممکن ہے؟ یقیناً! وہ انہیں نہیں چھوڑتا جو اس کی فرمانبرداری کرتے ہیں، بلکہ ان کی مدد کے لئے موجزن پانیوں پر بھی چلتا ہے۔ اس طرح شاگرد سیکھتے ہیں کہ کبھی خوفزدہ نہ ہوں!

..........

..........

..........

..........

..........

..........

..........

..........

..........

..........

| 19-اپریل | سالِ اول پاشکا کا تیسرا اتوار | اتوار |
|---|---|---|

اعمال2:14،22-33 زبور15

رنگ سفید

1-پطرس1:17۔21 لوقا24:13۔35

**مرکزی آیت: ''یسوع خود ان کے ساتھ چل رہا تھا۔'' لوقا24:15**

ہم عموماً آس جانے والے راستے پر ہیں۔ یسوع کے دو شاگرد، جو مایوس اور غمگین ہیں، سفر میں کسی کے ساتھ ہونے پر خوش ہیں۔ وہ محسوس کرتے ہیں کہ ان کا ہمسفر خاص ہے۔ وہ صحیفوں کو جانتا ہے اور انہیں سنجیدگی سے لیتا ہے۔ حتیٰ کہ ان سے بھی زیادہ۔ کیا صحیفے واقعی اتنے اہم ہیں۔

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

| سوموار | سالِ دوئم پاشکا کے ایام | 20۔اپریل |
|---|---|---|

اعمال 6:8۔15

زبور 118

رنگ سفید

یوحنا 6:22۔29

**مرکزی آیت: ''باپ، یعنی خدا، نے اس پر اپنی مہر لگا دی ہے۔'' یوحنا 6:27**

شاگردوں نے یسوع سے ایک غیر ضروری سوال پوچھا: ''تم یہاں کب آئے؟'' یسوع اس تجسس کا جواب نہیں دیتا، بلکہ انہیں وہ بات بتاتا ہے جو واقعی اہم ہے، جو ان کی زندگی بدلنے میں مدد دے گی۔ اس چیز کے لئے محنت کرو جو ہمیشہ کی زندگی کے لئے ضروری ہے۔ اسی میں، میں تمہاری مدد کر سکتا ہوں۔ کیونکہ خدا، یعنی باپ، نے تمہیں دکھایا کہ میں اسی کا ہوں، جب کل میں نے آپ کو سب کے لئے روٹی دی۔

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................



**مقدس انسلم، بشپ اور کلیسیائی معلم**

**رنگ سفید**

**اعمال 51:7؛8:1**

**زبور 30**

**یوحنا 30:6۔35**

**مرکزی آیت: ''اے خداوند یسوع، میری روح کو قبول کر۔'' اعمال 59:7**

استیفانسؔ، جو کلیسیا کا خادم ہے، ان پتھروں کی ضربوں سے جان دے رہا ہے جن سے اسے مارا جا رہا ہے۔ مگر وہ نہ تو ان پر چیختا ہے، نہ انہیں بددعا دیتا ہے، کیونکہ انہیں بھی یسوع کے ذریعے نجات پانی ہے۔ وہ خود کو یسوع کے سپرد کر دیتا ہے، جو اسے خوشی اور طاقت عطا کرتا ہے کہ وہ ان کے لئے مغفرت کی دعا کر سکے۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

اعمال 8:1-8 زبور 65 رنگ سفید

یوحنا 6:35-40

**مرکزی آیت: ''جو کچھ باپ مجھے دیتا ہے، وہ میرے پاس آئے گا۔'' یوحنا 6:37**

یسوع ان لوگوں پر خود کو ظاہر کرتا ہے جو اسے تلاش کر رہے تھے۔ روٹی کی مثال دینے کے بعد، جس کے ذریعے وہ سمجھاتا ہے کہ ہمیں اس کی زندگی اور حکمت سے سیر ہونا ضروری ہے۔ اب وہ اپنے باپ کے ساتھ یکجہتی کو ظاہر کرتا ہے۔ وہ خدا کا تحفہ ہے، کیونکہ جو کچھ بھی اس کے پاس ہے، وہ اسے باپ سے ملا ہے۔ اگر تم یسوع کے ہو، تو وہ تمہیں خدا کی طرف سے ملا ہوا تحفہ سمجھتا ہے، اور وہ تمہیں کبھی نہیں چھوڑے گا۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



مقدس جارجیو، شہید، مقدس ڈالبرٹ، بشپ اور شہید

رنگ سفید

اعمال 8:26-40

زبور 65

یوحنا 6:44-51

**مرکزی آیت: "فیلبوس۔۔۔۔نے اسے یسوع کی خوشخبری سنائی۔" اعمال 8:35**

ہم اس راستے پر ہیں جو یروشلم سے غزہ کی طرف جاتا ہے۔ ایتھوپیا کی ملکہ کا ایک درباری اشعیاء کی کتاب پڑھ رہا ہے، لیکن اسے سمجھ نہیں آ رہی۔ اسے وضاحت کی ضرورت ہے۔ فیلبوسؔ اسے بتاتا ہے کہ یہ پیشن گوئیاں خود یسوع کے بارے میں ہیں۔ وہ شخص ایمان لے آتا ہے اور خوشی کے ساتھ بپتسمہ لینے کی درخواست کرتا ہے۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................



## مقدس فیدیل دی سگمارنگین

رنگ سفید / سرخ

اعمال 9:1-20 | زبور 116

یوحنا 6:52-59

### مرکزی آیت: ''میں یسوع ہوں، جسے تو ستاتا ہے۔'' اعمال 9:5

آیئے! شاؤل کی تبدیلی کو سنیں۔ ایک ایسا ایمان جو اسے نفرت اور قتل کا حکم دیتا تھا، اب اسے یسوع کے نام پر نفرت اور موت سہنے کے لئے تیار کر دیتا ہے۔ جو ایک سادہ سوال کے ساتھ اپنی آواز سناتا ہے: ''تو مجھے کیوں ستاتا ہے؟'' شاؤل تین دن تک اندھیرے میں رہے گا، جیسے یونس نبی۔ وہ دوبارہ اپنی آنکھیں تب کھولے گا جب وہ بپتسمہ لے گا، اور اس کے بعد وہ یسوع کے بارے میں بولنا اور اس کے لئے دکھ اٹھانا کبھی نہیں چھوڑے گا۔

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................



| مقدس مارک، مبشر | رنگ سرخ |
|---|---|

1-پطرس 5:5-14 زبور 88

مرقس 16:15-20

**مرکزی آیت: ''تھوڑے عرصے کے دکھ سہنے کے بعد، وہ تمہیں بحال کرے گا۔'' 1-پطرس 10:5**

پطرس ہمیں یہ الفاظ اس سے پہلے کہتا ہے جب وہ مرقس کی طرف سے سلام پیش کرتا ہے۔ جسے وہ ''میرا بیٹا'' کہتا ہے۔ آج ہم اسی مرقس کا جشن منا رہے ہیں، جس نے اپنی زندگی یسوع کے لئے وقف کردی تاکہ اس کی خوشخبری کو تحریر کے ذریعے دنیا تک پہنچا سکے۔ مگر پطرس دکھ کی بات کیوں کرتا ہے؟ جو یسوع کی پیروی کرتا ہے، اسے ہمیشہ اس صلیب کو اٹھانے کی خوشی ملتی ہے، جو خود یسوع نے اٹھائی تھی۔

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

| 26۔اپریل | سالِ اول پاشکا کا چوتھا اتوار | اتوار |
|---|---|---|

اعمال 14:2،36۔41 | زبور 22 | رنگ سفید

1۔پطرس 20:2۔25 | یوحنا 1:10۔10

**مرکزی آیت: ''بھیڑیں اس کی آواز سنتی ہیں۔'' یوحنا 3:10**

اچھے چرواہے کی آواز اُس کی بھیڑیں پہچانتی ہیں جیسے ہم یسوع کی آواز کو جانتے ہیں۔ہم پہچان سکتے ہیں کہ جو کچھ ہمیں بتایا جا رہا ہے، آیا وہ اسی کی طرف سے ہے یا کسی اور ذریعے سے۔ہم صرف اسی کی بات سنیں گے جو چرواہے سے آتی ہے۔صرف اس کا کلام ہمیں زندگی بخشتا ہے۔

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

اعمال 1:11۔18 | زبور 41-42

رنگ سفید

یوحنا 11:10۔18

**مرکزی آیت: ''باپ مجھ سے محبت کرتا ہے۔'' یوحنا 17:10**

یسوع باپ کو ہم پر ظاہر کرتا ہے۔ وہ کون ہے؟ وہی جو یسوع سے محبت کرتا ہے، کیونکہ یسوع خدا کی ہی زندگی میں جیتا ہے۔ وہی جو اپنے آپ کو مکمل طور پر بیٹے کے لئے دے دیتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ خود کو اس کا باپ کہتا ہے۔ باپ اور بیٹا ایک ہیں۔ اسی لئے یسوع کو باپ کی محبت پر پورا یقین ہے۔

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

| رنگ سفید/سرخ | مقدس لوئجی ماریہ دی مونفورٹ، کاہن مقدس پیٹروشینیل، کاہن اور شہید؛ مقدس جیانا بریٹا مولا |
|---|---|

زبور 86 اعمال 11:19۔26

یوحنا 10:22۔30

**مرکزی آیت: ''یسوع خداوند ہے۔'' اعمال 11:20**

یہ سب کو جاننا ضروری ہے۔ حتیٰ کہ غیر ایمان دار بھی اس بھید کو جان سکتے ہیں، اور جس لمحے وہ اسے جان لیتے ہیں، وہ غیر ایمان دار نہیں رہتے۔ وہ شاگرد جو ایذا رسانی کے باعث یروشلم سے نکل گئے تھے، ان کے لئے یہ کوئی مسئلہ نہ تھا۔ یسوع سب کے لئے آیا۔ اس نے کنعانی عورت اور رومی صوبہ دار کو قبول کیا، جو غیر قوموں سے تھے۔ کیونکہ انہوں نے اس پر ایمان رکھا۔ اس نے انہیں اپنی محبت دی۔ اور اس نے رسولوں کو تمام دنیا میں، تمام قوموں کے پاس بھیجا۔

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

| 29-اپریل | سالِ دوئم پاشکا کے ایام | بدھ |
|---|---|---|



| مقدسہ کیتھرین آف سیانا، اٹلی اور یورپ کی سرپرست | رنگ سفید |
|---|---|

1 یوحنا 5:1، 2:2 زبور 102

متی 11:25-30

**مرکزی آیت: ''میرے باپ نے سب کچھ مجھے سونپ دیا ہے۔'' متی 11:27**

یسوع اپنے باپ کی محبت کو جانتا ہے کہ اسے سب کچھ باپ سے ملا ہے۔اسی لئے وہ ہمیشہ شکر گزار رہتا ہے۔وہ یہ بھی جانتا ہے کہ باپ نے تمام انسانوں کو محبت دینے کے لئے اسے سونپا ہے۔اسی لئے وہ اپنے آپ کو ان کے لئے قربان کرتا ہے۔یہی بات مقدسین نے سیکھی۔ آج ہم ان میں سے خاص طور پر سینٹ کیتھرین آف سیانا کا شکریہ ادا کرتے ہیں، جنہوں نے حقیقی محبت کے ساتھ کلیسیا اور اٹلی کے شہروں کی بھلائی کے لئے اپنی زندگی وقف کی۔ان کی خدا کے لئے اطاعت یورپ کی تمام اقوام کے لئے برکت کا باعث بنی۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



**مقدس پائیس پنجم، پوپ** | **رنگ سفید**

اعمال 13:13-25 زبور 88

یوحنا 13:16-20

## مرکزی آیت: ''اے بنی اسرائیل، سنو۔'' اعمال 13:16

مقدس پولوس پسید یہ کے انطاکیہ میں عبادت خانے کے سامعین کی توجہ اپنی طرف مبذول کراتے ہیں۔ وہ ان کے سامنے خدا کے بھید، یعنی بیٹے کی زندگی، موت اور قیامت کا اعلان کرنے والے ہیں۔ یہ بھید واقعی ہماری مکمل توجہ کا مستحق ہے۔ اسے سمجھ لینا ہی کافی نہیں، بلکہ اسے قبول کرنا اور اس سے محبت کرنا بھی ضروری ہے۔

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................